ساگر منتر

زمانہ مہابھارت کے نادر روزگار منتر

تصنیف وتالیف

اشتیاق احمد ایڈووکیٹ (انڈیا)

منجم۔جفار۔عامل

مکتبہ روحانی آئینۂ قسمت

کاشانہ زنجانی 125 ڈی۔گلبرگ 2

نزد مین مارکیٹ۔لاہور۔کوڈ 54660

قدیم و عظیم ایک درجن زبانوں کے مجرب منتروں کا مجموعہ

سابر منتر


تصنیف و تالیف

اشتیاق احمد ایڈووکیٹ (انڈیا)

ناشر

مکتبہ آئینہ قسمت
کاشانہ زنجانی
125 ڈی گلبرگ 2 لاہور۔ کوڈ 54660

نام کتاب	سایہ منتر
سال طباعت اول	1992ء
ایڈیشن	دوئم (2000ء)
کتابت	سرفراز ظہیر سیفی
تعداد	ایک ہزار
مطبع	شاف پرنٹرز ملتان روڈ لاہور
ناشر	مکتبہ آئینہ قسمت ۔ 125 ڈی گلبرگ نزد مین مارکیٹ لاہور ۔ کوڈ 54660
مصنف ومئولف	اشتیاق احمد ایڈووکیٹ (منجم، جفار، عامل)
قیمت	[redacted] روپے



میں اس کتاب کو شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی ایڈیٹر روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت کے نام منسوب کرتا ہوں۔ اس کتاب کی ترتیب وتیاری کے لئے شہزادہ شاہ زنجانی کا دل کی گہرائیوں سے شکرگزار ہوں جنھوں نے مجھ جیسے دور افتادہ سہارن پور انڈیا بیٹھے ہوئے شخص کی حوصلہ افزائی فرمائی ورنہ ان نادر منتروں کو یکجا کرنا میرے بس میں نہ تھا

شکرگزار
اشتیاق احمد ایڈووکیٹ
سہارن پور انڈیا

پیش لفظ

قارئین علوم مخفی کے لئے یہ بات دلچسپی سے خالی نہ ہوگی کہ سابر منتر نامی جیسی آسان فہم کتاب نہ صرف ان کی روحانی لائبریری کی زینت بڑھائے گی بلکہ خلق خدا کو بھی فیض بخشے گی۔ دنیا کا کوئی بھی علم انسانی فلاح کے لئے اس کا استعمال صحیح یا غلط آپ کے اعمال کا آئینہ دار ہے۔ مثلاً قصہ ہاروت ماروت ہی لے لیں۔ اہل ابل نے ان سے جادو سیکھا۔ اگر یہ فلاح کے لئے استعمال کرتے تو فلاح پاتے۔ آج کے دور میں ہمارا ملک ایٹمی توانائی کے حصول کے لئے کوشاں ہیں۔ (الحمد للہ طباعت ثانی سے قبل ہی ہم ایٹمی طاقت بن چکے ہیں)۔ اگر ہم اس توانائی سے بجلی گھر چلائیں تو ملک میں کبھی لوڈ شیڈنگ نہ ہونے پائے۔ صنعتی' زرعی ترقی عمل میں آئے اور اگر ہم آج کی سپر پاور امریکہ کی طرح جاپان پر ایٹم بم گرائیں تو یہ غلط ہے۔ حدیث رسول اکرمؐ ہے کہ اعمال کا دارو مدار نیت پر ہے۔ پیش نظر کتاب سابر منتر آسان فہم زبان میں مختلف ہندی' سنسکرت' کنٹر' گجراتی' تامل' بنگالی' پنجابی' اردو' عربی اور زبان کے مختلف بزرگوں سے حاصل کردہ قدیم و نادر قلمی نسخے اور سینے کے رازوں کا مجموعہ ہے۔ پاکستان میں شائع ہونے والی کتب میں یہ علمی اضافہ ثابت ہوگی۔ آپ اسے پڑھ کر یقیناً محظوظ ہوں گے اور صاحب کتاب اشتیاق احمد ایڈووکیٹ آف سہارن پور انڈیا کی اس کاوش کو سراہیں گے جو انہوں نے شائقین علوم مخفی کی پیاس بجھانے کے لئے کی ہے۔ گر قبول افتد زہے عزو شرف

ایڈیٹر روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت

سید انتظار حسین شاہ زنجانی

5 مئی 1992ء

فہرست عملیات

سابر منتر.....ایک تعارف

بہت ہی آسان عام بول چال میں پائے جانے والے منتر سابر منتر کہلاتے ہیں۔

یہ منتر بہت ہی آسان زبان میں ہوتے ہیں۔ ان کا کوئی مطلب نہیں ہوتا۔ ان کو تنتر منتر کا آسان ایڈیشن کہنا چاہیئے۔ ان منتروں کو بنانے والے بھگوان شیو شنکر بتائے جاتے ہیں مگر جن عامل کامل بزرگوں کے ذریعہ یہ منتر ہمارے سامنے آئے ہیں۔ وہ سب تنتر کے مشہور عامل گزرے ہیں۔

شہروں اور گاؤں میں نسوں اور ہڈیوں کا صحیح جگہ پر بٹھانے والے اشخاص مل جائیں گے۔ جن کو ڈاکٹروں سے علاج کرانے پر بھی فائدہ نہیں ہوتا جبکہ یہ غیر ڈاکٹر اشخاص منٹوں میں اترے ہوئے ہاتھ اور پیر کی موچ کو ٹھیک کر دیتے ہیں۔ چنکا آنے یا ناف ٹلنے کو ڈاکٹر لوگ کوئی بیماری نہیں مانتے مگر اس تکلیف سے متاثر شخص کو جو تکلیف ہوتی ہے وہ وہی جانتے ہیں اور ان کو دیہاتی طریقہ سے ٹھیک کرنے والے اشخاص کے معجزے کو وہ شخص مانتے ہیں جن کا یہ علاج کرتے ہیں۔

سابر منتر علمی طریقہ پر نہیں بنے ہیں کیونکہ غیر مہذب قومیں جو شہری علاقوں سے بہت دور جنگلوں میں رہتی ہیں جن کا تعلیم علم سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہوتا۔ وہ منتر کے علمی طریقہ سے واقف نہیں ہوتے۔ ان غیر مہذب قوموں میں پیدا ہوئے عامل بزرگوں نے جو منتر اپنی ضرورتوں کے لئے بنائے۔ ان کو سابر منتر کے نام سے جانا جاتا ہے۔

کالا جادو کے نام سے ایک پراسرار علم آسام کے قبائلی قوموں کے پاس ہے۔ اسی کے مطابق وقت اور علاقہ کے لحاظ سے یہ کالے جادو کا علم افریقہ کے قبائلی لوگوں میں بھی پایا جاتا ہے۔ سابر منتر کی شروعات کی صحیح تاریخ بتلانا بڑا مشکل ہے مگر یہ حقیقت ہے کہ مچھندر ناتھ اور گورکھ ناتھ جیسے عامل کامل بزرگوں نے سابر منتر کی بنیاد ڈالی۔ گجرات پردیس میں بہنے والی سابر متی نامی ندی کے آس پاس سابر منتر کی پیدائش ہوئی جہاں پر سبر' کول اور کرات نام کی قبائلی قومیں آباد تھیں۔ سبر قبائلی قوم میں سے کسی کامل بزرگ کے نام پر کولا چار منتر کو تیار کیا گیا ہے۔

ظاہر طور پر منتروں میں لفظ حرف ہی ہوتے ہیں مگر ان منتروں کے پیچھے کسی نہ کسی دیوی دیوتا کی غیبی طاقت ہوتی ہے جو ان عملوں کو عمل میں لاتے ہیں۔ تانترک منتر کو بنانے والے بھگوان شنکر مانے جاتے ہیں مگر ان گڑھ منتروں کے دیوتا ہنومان' بھیروں' کالی جیسے ہیں اور کامل بزرگوں کی شکل میں گورکھ ناتھ' سلیمان جیسے بزرگ ہیں۔ کئی منتروں میں ان کا نام بولا جاتا ہے اور کئی منتروں میں گرو کے نام سے کام چل رہا ہے۔ ان کے آخر میں لگائے جانے والے لفظ (شبد سانچا' پنڈ کانچا' پھرو منتر ایشورو واچہ) بہت ہی معمولی لفظ ہیں جن کا مطلب ہوتا ہے کہ لفظ سچا ہے ختم نہیں ہوتا اور یہ جسم ختم ہونے والی شے ہے۔ منتر تم خدا کے لفظ ہو اور خدا کے حکم سے ظاہر ہو جاؤ۔ اسی طرح کے یا اس سے ملتے جلتے لفظ سابر منتروں میں ملتے ہیں۔

سابر منتروں کو قبائلی قوموں کے کامل بزرگوں نے علمی زبان کا سہارا نہ لے کر اپنی ضرورتوں کے مطابق بنایا ہے۔ اس لئے ان منتروں میں اس کام سے متعلق دیوی دیوتا کو سخت قسم دی جاتی ہے جس کو آن بھی کہتے ہیں۔ یہ آج بالکل بچوں کی ہٹ دھرمی کی طرح ہے کہ کوئی بچہ اپنے کسی بزرگ سے قسم دے کر کوئی بات منوانا چاہتا جیسے۔

ماتا کی شیا پر پاؤں دھرے (ماں سے ہم بستری کرے)۔

انک کی دہائی (فلاں دیوی دیوتا کی قسم)۔

گرو کی شکتی (استاد کی طاقت)۔

انک کی آن۔

اوم نمو آدیش امک کو۔

دودھ پیا حرام۔

لفظ سابر منتروں کو علمی طاقت دیتے ہیں۔

گورکھناتھ' مچھندر ناتھ جیسے کامل بزرگوں نے ہم لوگوں پر بہت مہربانی کی ہے جو اس پراسرار علم کو عام شخص کے لئے فائدہ مند بنا دیا ہے۔ کئی منتروں کی بناوٹ دیکھ کر تو ہمیں ایسا محسوس ہوتا ہے کہ بچوں کو خوش کرنے کے لئے کوئی نظم بنائی گئی ہے مگر ان منتروں کا اثر غیر معمولی ہوتا ہے جس کے نتیجہ میں کوئی شبہ نہیں ہوتا۔

مثال کے لئے ایک منتر یہ ہے۔

"گھی گھی رانی چوئی' راتیوں ستا نورتی"۔

"ماموں چند بھانجے آیو' کھیتی کرورے اوں اوں اوں"۔

اس منتر میں چوئی کے معنی چور کے ہیں اور گھی گھی نام کا ایک کیڑا ہوتا ہے جو کہ باجرہ میں لگ جاتا ہے۔ دیہات میں رہنے والے عام کسان باجرہ میں کیڑا لگ جانے پر کسی ہفتہ یا اتوار کی رات کو روئی کا فلیتہ جلا کر اس چراغ کو جلتے ہوئے ہاتھ پر رکھ کر کھیت کے چاروں طرف گردش کرتے ہوئے مندرجہ بالا منتر پڑھتے ہیں جس کے اثر سے گھی گھی نام کا کیڑا مر جاتا ہے یا پھر باجرہ کو کھانا بند کر دیتا ہے۔ چاہے اس واقعہ کو مہذب شخص کوری بکواس بتائیں مگر جن لوگوں کو اس کا فائدہ ہوتا ہے وہ اس کی حقیقت جانتے ہیں اور مانتے ہیں۔

سابر منتروں میں سنسکرت' ہندی' پنجابی' اردو' لیام' کنٹر' گجراتی' تامل اور بنگالی وغیرہ زبانوں کے لفظ ملتے ہیں اور مذکورہ بالا ہر زبان میں منتر بنے ہوئے ملتے ہیں جن میں

اس زبان کو استعمال کرنے والے بزرگوں' دیوی دیوتاؤں کے نام ہوتے ہیں۔

ہندی بھارت کی عام زبان ہونے کی وجہ سے زیادہ سابر منتر ہندی یا مارواڑی زبان میں بنے ہوئے ہیں اور عام استعمال میں آتے ہیں۔ سابر منتروں کو دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ یہ منتر یقین' عقیدت' اعتماد کی بنیاد پر تیار ہوتے ہیں کیونکہ جب کسی بات پر یقین اعتماد ہوتا ہے' ساتھ میں عقیدت بھی شامل ہوتی ہے تو وہی کام ہوتا ہے۔ جیسے مغرب پسند تعلیم یافتہ اشخاص ان منتروں کو کوری بکواس مانتے ہیں وہ کبھی بھی ان منتروں سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔ جبکہ اس کے برخلاف ان پڑھ جاہل شخص کو اس کے یقین' اعتماد' عقیدت کی بناء پر ان منتروں سے فائدہ پہنچتا ہے۔

سابر منتروں میں عقیدت کے طور پر قسم کا بھی اثر ہوتا ہے۔ زیادہ زمانہ نہیں گزرا۔ عام شخص اور امیر و امراء قسم کو ایک بڑی بات مانتے تھے اور قسم کھانے یا دلانے پر بڑی سے بڑی بات بھی مان لی جاتی تھی۔ جاگیردارانہ نظام میں چھوٹے سے چھوٹے قصبہ یا شہر میں کوئی شخص غیر قانونی تعمیر کرتا تھا یا کسی کی زمین پر دوسرا شخص تعمیر کر کے مکان بنا لیتا ہے تو اس جگہ کے جاگیردار یا گائے یا خدا کی قسم دینے پر فوراً تعمیر روک دی جاتی تھی۔ آج بھی عدالتوں میں قسم دلا کر یا حلف اٹھوا کر بیان دینے کا رواج ہے۔ زیادہ تر لوگ اپنی بات پر زور دینے کے لئے قسم کھاتے ہیں۔ یہ اس زمانہ کی بات ہے جبکہ جرائم پیشہ شخص بھی قسم نہیں توڑتا تھا مگر آج حالات بدل گئے ہیں کہ کوئی بھی شخص قسم کھانے میں دریغ نہیں کرتا یا قسم کو مانتے ہی نہیں مگر ان سابر منتروں میں جن دیوی دیوتاؤں و کامل بزرگوں کی قسم دلائی جاتی ہے وہ آج بھی ویسے ہی ہیں ان پر زمانہ کی بے ایمانی کا کوئی اثر نہیں پڑا ہے۔

اودھڑ (مجذوب) یا اگھوری نام کے سنت سابر منتروں سے متعلق نہیں ہوتے وہ آنند مادگی سادھنا کرتے ہیں۔ ان کے لئے وقت کی قیمت ختم ہو جاتی ہے۔ وہ کالی بھیروں بیتال وغیرہ کے پجاری ہوتے ہیں۔ اس لئے ان کی رہائش گاہ اکثر جنگل یا شمشان گھاٹ ہوتے ہیں اور لاتعداد بھوت پریت ان کے غلام بن کر رہتے ہیں۔ وہ جنگلوں اور شمشان

گھاٹوں میں رہ کر اپنے تابع بھوت پریتوں کے ذریعہ اپنی ضروریات کی ہر قسم کی چیز حاصل کر لیتے ہیں۔ اس علم میں پاک وناپاک چیز کی کوئی تمیز نہیں ہوتی۔

آسام دیش میں (جس کو کامروپ بھی کہا جاتا ہے) کاماکھیا دیوی کا مشہور مندر ہے۔ کاماکھیا دیوی وشی کرن (حب) کی دیوی ہیں جس میں کسی کو مسخر کرنے کے لئے کاماکھیا دیوی کی مدد لی جاتی ہے۔ وہاں کاماکھیا مندر میں لڑکی کے پہلی مرتبہ کے خون حیض میں روئی کو بھگو کر بخور کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

مندرجہ بالا واقعات کی روشنی میں سابر منتروں میں مندرجہ ذیل خصوصیات پائی جاتی ہیں۔

1 : سابر منتر بہت جلد اثر انداز ہوتے ہیں۔

2 : سابر منتر آسان اور عام زبان میں ہوتے ہیں۔

3 : سابر منتروں کا استعمال بہت ہی آسان ہے۔

4 : سابر منتر میں کوئی تبدیلی یا معنی نکالنے کی ضرورت نہیں ہوتی کیونکہ یہ منتر عام طور پر دیہاتی زبان میں ہوتے ہیں۔

5 : سابر منتر ہر زبان میں پائے جاتے ہیں۔

6 : سابر منتروں سے ہر مسئلہ کا حل نکل آتا ہے۔

7 : سابر منتر کو تسخیر کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

8 : سابر منتر دو قسم کے ہوتے ہیں جن میں پہلی قسم کے منتر میں معنی نہیں ہوتے اور ان سے مقصد معلوم نہیں ہوتا۔

دوسری قسم کے منتروں میں کام کے لحاظ سے معنی ہوتے ہیں۔

9 : سابر منتر میں ساتھ لکھے گئے طریقہ عمل کے مطابق عمل کر کے اپنا اور اپنے خاندان واپنے دوستوں کے مسئلوں کو حل کریں۔

10 : سابر منتر جس طرح لکھے گئے ہوں اسی طرح تلفظ سے پڑھیں تو پھر ان کا اثر دیکھیں۔

11 : سابر منتر علمی منتروں کی طرح مشکل نہیں ہوتے۔

12 : سابر منتر کسی مخصوص طبقہ کے لئے نہیں ہیں ان سے ہر شخص، عورت، مرد اور بوڑھا فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

13 : سابر منتر کو استعمال کرنے کے لئے کوئی پرہیز وغیرہ نہیں کرنا پڑتا۔

14 : سابر منتر اردو زبان میں بھی ملتے ہیں جو مسلمان منتر کہلاتے ہیں۔ جس میں حضرت علی ؓ، حضرت محمد ﷺ، حضرت سلیمان ؑ اور حضرت اسماعیل ؑ کی قسم دی جاتی ہے۔

15 : سابر منتر کی طرح سابر نقش بھی ہوتے ہیں۔

موجودہ کتاب عام اشخاص کے فائدہ کے لئے لکھی گئی ہے جس سے ہر خاص و عام شخص اپنی ضرورت کے مطابق فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ اس کتاب میں سب عمل آسان، جلدی تاثیر دینے والے ہیں مگر ہمارے معاشرہ کے لئے یہ سب سے بڑی بدقسمتی کی بات ہے کہ کچھ اشخاص ان عملیات کا ناجائز استعمال کر کے معاشرہ کو بھی نقصان پہنچاتے ہیں اور اپنی عاقبت کو بھی خراب کرتے ہیں۔ اس لئے میری گزارش ہے کہ اس کتاب میں دیئے گئے عملوں کو صحیح مقصد کے لئے اور ضرورت کے وقت استعمال کریں اور فائدہ اٹھائیں۔

اشتیاق حسین ایڈووکیٹ
سہارن پور انڈیا

مورخہ 13 اگست 1989ء
بروز اتوار

سابر منتر کا سائنسی پہلو

سابر منتروں کی بناوٹ کچھ اٹ پٹ سی لگتی ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ ان منتروں کا کوئی مطلب بھی ہو۔ ان کے معنی بھی ہو سکتے ہیں۔ منتروں کی خصوصیت ان کی بناوٹ اور آواز میں ہوتی ہے اور یہی بناوٹ اور آواز تعجب خیز اثر رکھتی ہے۔ سابر منتروں میں عام طور پر عمل کے مطابق معنی نہیں ہوتے۔ پورے منتر کو پڑھنے کے بعد اس عمل کا مقصد معلوم نہیں ہوتا۔ مگر آپ سمجھ لیں کہ منتر کے معنی نہ ہونے کی وجہ سے ان کے اثر پر فرق نہ ہو گا۔ یہ منتر اثر کے لحاظ سے خاص تاثیر رکھتے ہیں۔ ان منتروں میں کسی قسم کا کوئی پرہیز اور احتیاط کرنے کی ضرورت بھی نہیں ہوتی۔ یہ صرف ایک مخصوص تعداد میں پڑھنے پر اپنا اثر ظاہر کر دیتے ہیں۔ ان منتروں کو اثر انداز بنانے کے لئے تھوڑی سی محنت کرنی پڑتی ہے۔ ان منتروں پر پوری عقیدت کے ساتھ یقین رکھنا چاہئے اور آپ اسی یقین و اعتماد کی وجہ سے ان سابر منتروں سے پورا فائدہ اٹھا سکیں گے۔

منتر کی طاقت آواز کی لہروں کا ہی دوسرا نام ہے

منتر کے علم پر پڑھے لکھے مغرب پسند شخص یقین نہیں رکھتے مگر جب طب اور صنعت و حرفت وغیرہ میں آواز کی لہروں سے تعجب خیز فائدے اٹھائے جا رہے ہیں تو منتر

کے علم پر یقین کرنے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں رہ جاتا۔ مرض کو ختم کرنے، اسپات کی چادروں کا کاٹنے، لانڈری و آب پاشی میں آواز کی لہروں کا استعمال بجلی کی طرح ہونے لگا ہے۔ آواز کی لہروں سے کہرا بھی دور کیا جا سکتا ہے۔ لفظ کی آواز کی لہروں نے قدرت حاصل کر لی ہے۔ غیر ممالک میں آواز کے علم کو ترقی دینے کے لئے لگاتار تحقیق کی جا رہی ہے۔ ظاہرہ مادی مشینوں کے ذریعہ جب اتنی ترقی ہو رہی ہے تو مخفی طریقوں سے بھی زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کی توقع رکھنی چاہئے کیونکہ مادی چیز کی نسبت غیر مادی چیز کی طاقت زیادہ ہوتی ہے۔ آواز کی لہروں میں کتنی پوشیدہ طاقت ہوتی ہے اس کی کچھ مثالیں ذیل میں دی جاتی ہیں۔

کیلیفورنیا یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر ہربرٹ ہور نے ایک بہت ہی نازک تجربہ کیا۔ یعنی ایک باریک چھوٹی ہڈی سے میل مٹی کو صاف کرنا۔ اگر اس میل یا مٹی کو کسی تیز دھار اوزار سے صاف کیا جاتا تو ہڈی ضرور ٹوٹ جاتی مگر مذکورہ ڈاکٹر نے آواز کی لہروں سے اس باریک و نازک ہڈی سے میل اور مٹی کو صاف کر دیا۔

ابھی تک صرف ایکسرے کو ہی ایک ایسی مشین مانا جاتا ہے جس کی مدد سے انسان کے جسم کے اندرونی حصوں کی تصویر لی جا سکتی ہے مگر ایکسرے مشین گہرائی تک اپنا اثر نہیں ڈال سکتی۔ انجام کے طور پر ایکسرے کے ذریعہ گہری جڑیں جمائے مرض کی پوری تصویر نہیں آتی۔ اب اس کمی کو الٹراساؤنڈ نے پورا کر دیا ہے۔ اس کی آواز کو کان سے سننا ممکن نہیں ہے۔ الٹراساؤنڈ کی آواز تب بڑھتی ہے جب بہت ہی مخفی آواز کی لہروں کو بجلی کی مدد ملتی ہے۔ الٹراساؤنڈ سے بہت سے سائنس دانوں نے مفید کام کئے ہیں۔

یو۔ ایس۔ اے (امریکہ) میں ایک شخص کے گولی چلانے سے ایک چھوٹے بچے کی آنکھ میں چھرا چلا گیا۔ موجودہ جانچ و ایکسرے مشینوں کے ذریعہ یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ آنکھ میں چھرا کس جگہ ہے۔ واشنگٹن کے گورنمنٹ ہسپتال میں الٹراساؤنڈ کے ذریعہ تصویر حاصل کر لی جس میں چھرے کے موجود ہونے کا صاف پتہ چل گیا اور آپریشن

کر کے اس جگہ سے چھرا نکال لیا گیا۔

شکاگو کے ایک ہسپتال میں ایک عورت ڈاکٹروں کے لئے مسئلہ بنی ہوئی تھی کہ اسے حمل ہے یا پیٹ میں گانٹھ ہے۔ ایکسرے سے صاف تصویر نہیں آسکی۔ الٹراساؤنڈ کے ذریعہ صاف پتہ لگ گیا کہ مذکورہ عورت کے پیٹ میں حمل کی نشوونما ہو رہی ہے۔

ایکسرے کی کھوج **1894**ء میں ہو گئی تھی مگر الٹراساؤنڈ کے اثرات کا اندازہ ابھی حال ہی میں ہوا ہے۔ الٹراساؤنڈ کا پہلا تجربہ ویانا کے مشہور سائنس دان ڈاکٹر کارلس ڈسک نے **1942**ء میں کیا تھا۔ جاپان' سویڈن' انگلینڈ اور امریکہ وغیرہ ملکوں میں انسانی دماغ کے بارے میں پوری معلومات حاصل کرنے کے لئے الٹراساؤنڈ کی طاقت سے مدد لی جا رہی ہے۔ مغربی جرمنی کے ڈاکٹر الفرٹ و ڈاکٹر بلائی ہیسٹڈ نے دس ہزار اشخاص کی تصویریں الٹراساؤنڈ کے ذریعہ اتاریں اور ان سے مفید معلومات حاصل کیں۔

آواز کی لہروں کا تعجب خیز اثر

انگلینڈ میں "اسٹون ہیر" نام کی ایک جگہ ہے جہاں کے پتھر ایک دوسرے سے اس طرح ملے ہوئے ہیں کہ اگر ان پتھروں کے پاس کوئی شخص بہت آہستہ سے آواز کرتا ہے تو اس آواز سے وہ پتھر ہلنے لگتے ہیں۔ اگر یہ آواز کی لہریں لگاتار ہوتی رہیں تو وہ پتھر اپنی جگہ سے گرنے لگیں گے۔ اس لئے ان پتھروں کے پاس گانا بجانا اور بات کرنے کی ممانعت ہے۔

آواز کی لہروں کی طاقت کو جرمنی کے ایک سائنس دان نے ثابت کر کے دکھایا ہے کہ اگر لفظ "اوم" کا ورد ایک مخصوص آواز کے ساتھ کیا جائے تو اس کے اثر سے دیوار بھی پھٹ سکتی ہے۔

کچھ سائنس دانوں نے ساز اور آواز کے ذریعے تصویریں تیار کیں۔ میامی یونیورسٹی امریکہ کے سائنس دان ڈاکٹر جے ڈی رچرڈسن نے سمندری مچھلیوں کو پکڑنے کے لئے ایک مخصوص آواز کی لہروں کا کامیابی سے استعمال کیا۔ وہ سمندر کے کنارے

بانسری کو ایک مخصوص آواز سے بجاتے تھے اور اس آواز کی کشش سے کافی تعداد میں مچھلیاں سمندر کے کنارے پر آجاتی تھیں اور وہ بہت آسانی سے ان کو پکڑ لیتے تھے۔

سمندر میں شیر ماہی ایک جانور ہوتا ہے اسے موسیقی بہت پسند ہے۔ اسے کہیں بھی میٹھی زبان میں موسیقی سنائی پڑتی ہے تو وہ اسے سننے کے لئے اس جگہ ضرور جاتا ہے چاہے وہاں اس کی جان کو خطرہ لاحق ہو۔

غیر ممالک میں ایسی بجلی کی مشینیں بنائی جا رہی ہیں جو اس طرح کی آوازیں پیدا کرتی ہیں جس کی آواز سن کر روشنی پر آنے والے پتنگے اس مشین سے ٹکرا کر اپنے آپ کو ختم کر دیتے ہیں۔

روایت ہے کہ مادہ مینڈکی جب حاملہ ہوتی ہے تو اس وقت وہ نہایت میٹھی زبان میں گانا گاتی ہے اور وہ گانا اس یقین کے ساتھ گاتی ہے کہ اس گانے کے اثر سے اس سے پیدا ہونے والا بچہ تندرست ہو گا اور پیدائش میں کوئی تکلیف نہیں ہو گی۔

سب کے بارے میں یقین کے ساتھ تو نہیں کہا جا سکتا مگر انسان کے بارے میں یہ حقیقت ہے کہ موسیقی کے ذریعہ حمل میں موجود مولود کو ذہنی و جسمانی طور پر تندرست بنایا جا سکتا ہے اور بچہ کی پیدائش کے وقت بھی تکلیف کم ہوتی ہے۔ بچہ کی پیدائش کے بعد "سوہر" نام کی موسیقی سے بچہ کو متاثر کرنے والے برے اثرات کا خاتمہ ہوتا ہے۔

حمل میں موجود بچہ پر موسیقی کا کیا اثر پڑتا ہے۔ اس کے تجربات لندن میں کچھ ڈاکٹروں نے کئے۔ جن حاملہ عورتوں کو مخصوص موسیقی بجا کر سنائی گئی ان میں **284** بچوں پر اس کا اثر پڑا۔ وہ عام بچوں کی نسبت زیادہ تندرست اور وزن میں زیادہ تھے اس لئے ڈاکٹروں کی بھی عام رائے ہے کہ حاملہ عورتیں مخصوص موسیقی کی مشق کیا کریں یا کسی دیگر شخص سے سنیں۔ مشرقی جرمنی کے ڈاکٹر جوہوم نے موسیقی کی مدد سے جانوروں کا کامیاب علاج کرنے میں مشہوری حاصل کی ہے۔ انہوں نے کتوں اور بلیوں پر کامیاب تجربہ کر کے دیکھا کہ ان پر موسیقی کا کیا اثر ہوتا ہے اور کیسے جانور موسیقی سے تندرست

ہوتے ہیں۔

کیلیفورنیا کا ایک شخص کسی وجہ سے گونگا ہو گیا اس کو کوئی ڈاکٹر شفاء نہیں دلا سکا۔ آر آر تنظیم کے ایک رکن نے لگاتار دو سال تک اسے موسیقی کے ریکارڈ سنائے جس کے اثر سے وہ شخص بولنے لگا۔

رامپور اسٹیٹ کے نواب لقوہ کے مریض تھے۔ استاد سورج خان نے راگ جے جے ونتی کی موسیقی سے ان کے لقوہ کے مرض کو ٹھیک کر دیا۔

بیجو باورا نے چکری کے راجہ راج سنگھ کو راگ پوریا سنا کر نیند کی بیماری کو ختم کر دیا۔

ہندوستان میں دیپک راگ سے چراغ جلانے اور شری راگ سے ٹی بی جیسے موذی جان لیوا مرض کو ختم کرنے، بھیروی راگ عوام کو خوشحال بنانے میں اور سندر راگ سے جنگ میں موجود فوجیوں کا حوصلہ بلند کرنے میں کامیابی کے ساتھ استعمال ہوتا آ رہا ہے۔ برسات کے موسم میں میگھ ملہار گا کر ظالم و جابر اشخاص میں پیار و محبت اور اچھے اخلاق کا جذبہ پیدا کیا جاتا ہے۔ بارش نہ ہونے پر میگھ راگ گا کر بارش کرائی جا سکتی ہے۔

مندرجہ بالا مثالوں سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مختلف طرح کی آوازوں سے ان کے مقصد کے مطابق اثرات پیدا ہوتے ہیں کیونکہ منتروں کو بھی آواز کی مدد سے بولا جاتا ہے۔ آواز کی لہروں سے ان سے منسوب دیوتا اس منتر میں چھپے مقصد کو پورا کرنے میں عامل کی مدد کرتے ہیں۔ اس لئے منتروں کو پڑھنے کے لئے مقصد کے مطابق آواز استعمال کی جاتی ہے۔

آپ کو ہندوستان کے ہر گاؤں، شہر سے سابر منتر کے عامل مل جائیں گے جو اپنے منتروں کے استعمال سے وہ کام کر گزرتے ہیں جس کو دیکھ کر ہر شخص انگشت بدنداں رہ جاتا ہے اور ڈاکٹروں، سائنسدانوں کو یہ ماننا پڑتا ہے کہ اس مادی زمانہ میں مخفی طاقت بھی ہے جو ان منتروں کے ذریعہ مخفی ہو کر اثرات پیدا کرتی ہے۔

منتر (عملیات) میں اول شرط نیت ہے

منتر سادھنا اور نیت کا بہت گہرا تعلق ہے۔ عامل جس مقصد کی نیت رکھ کر عمل کرتا ہے ویسی ہی اسے کامیابی حاصل ہوتی ہے۔ نیت سے عمل میں طاقت پیدا ہوتی ہے۔ عمل کے لئے نیت کی طاقت کا ہونا اولین شرط ہے۔ عامل کی مخفی طاقت قوت سے عمل کرنے پر پیدا ہوتی ہے۔ اس لئے عامل جیسی نیت کر کے عمل کو کرتا ہے اس کے مطابق اسے طاقت حاصل ہوتی ہے۔ جیسے بغیر نیت کے نماز نہیں ہوتی۔ آپ جس نیت کے ساتھ نفل، فرض، عید وغیرہ کے لئے نماز پڑھیں گے وہی نماز ہو گی ورنہ نماز نہیں ہو گی۔

اس کے علاوہ عورت کی مثال لے لیں۔ عورت فاحشہ، بیوی، بہن، والدہ، نانی، دادی وغیرہ ایک شخص کے لئے ہو سکتی ہے۔ کوئی شخص فاحشہ عورت کو اس نیت سے روپیہ دیتا ہے کہ وہ اس کی وقتی نفسانی خواہش کو پورا کرے، اس سے زیادہ اس کی اور کوئی نیت نہیں ہوتی۔ اب وہ بیوی کو بھی روپیہ دیتا ہے اور اس کا سب خرچہ پورا کرتا ہے مگر یہاں اس کی نیت فاحشہ عورت سے الگ ہے۔ یہاں اس کی نیت یہ ہے کہ یہ عورت اس کے گھر کا نظام چلائے۔ اس کی عزت بنائے رکھے اور اس کی نسل چلائے۔ اب یہاں دیکھیں کہ اس نے فاحشہ عورت کو بھی روپیہ دیا اور بیوی کو بھی روپیہ دیا۔ روپیہ دے کر اس کے معاوضہ میں وہ شخص ان مستورات سے نفسانی خواہش پوری کرتا ہے مگر یہاں نیت الگ الگ ہے اور اسی نیت کے مطابق اسے اس کا فائدہ ملتا ہے۔

ایسی ہی مثال زکوٰۃ خیرات کی ہے۔ وہ کسی شخص کو روپیہ دیتا ہے مگر یہاں روپیہ دینے میں اس کو نیت کے مطابق اثرات ہوں گے۔ وہ زکوٰۃ و خیرات کی نیت سے کسی شخص کو روپیہ دے گا تو زکوٰۃ و خیرات کی نیت کا ثواب حاصل کرے گا اور اگر وہی روپیہ ادھار یا قرض کی نیت سے دے سکتا ہے۔ اسی نیت کے مطابق اس شخص کو روپیہ دینے کے بعد اس شخص سے روپیہ وصول بھی کرے گا بجائے خیرات و زکوٰۃ کی نیت سے دیا

گیا روپیہ اس شخص سے کبھی وصول نہیں کرے گا جس کو اس نے روپیہ دیا ہے۔

اب اس کے علاوہ آپ کسی دیگر شخص کو روپیہ کسی کام کو انجام دینے کے لئے دیتے ہیں وہ شخص اس کام کو انجام دے دیتا ہے تو وہ روپیہ اس شخص کا ہو جاتا ہے۔ وہ شخص آپ کا روپیہ واپس نہیں کرتا اور نہ ہی آپ واپس مانگ سکتے ہیں۔ اگر اس شخص کے کام انجام ہو جانے کے بعد بھی آپ نے اس کو روپیہ نہیں دیا ہے تو وہ شخص ہر حالت میں آپ سے اپنی محنت کا روپیہ وصول کرے گا چاہے اسے متعلقہ افسران کو درخواست ہی دینی پڑے۔ اس کے علاوہ اور ہزاروں مثالیں دی جاسکتی ہیں۔

اسی طرح منتر (عمل) پڑھنے میں جس طرح کی آپ کی نیت ہو گی ویسا ہی اس سے فائدہ ہو گا۔ میں نے اکثر دیکھا ہے کہ پنڈت جیسے اشخاص دفع مشکلات کے لئے بتاتے ہیں کہ فلاں منتر کا جاپ آپ سوا لاکھ مرتبہ کرالیں تو اس کے اثر سے آپ کی فلاں مشکل و پریشانی دور ہو جائے گی۔ اب مصیبت زدہ شخص خود وہ منتر سوا لاکھ مرتبہ کسی وجہ سے نہیں پڑھ سکتا۔ وہ پنڈت جی سے کہتا ہے کہ آپ میری طرف سے سوا لاکھ مرتبہ اس منتر کا جاپ کر دیں۔ میں آپ کا اور عمل میں آنے والا خرچ دے دوں گا۔ اب مصیبت زدہ شخص کے کہنے پر عمل اور اپنا مکمل خرچہ لے کر اس کی مشکلات دور کرنے کے لئے عمل (منتر) سوا لاکھ مرتبہ پڑھ دیتے ہیں تو اس میں پنڈت متاثرہ شخص کی مشکل دور کرنے کی نیت رکھتے ہوئے عمل کرتا ہے تو اس شخص کو اس عمل سے ضرور فائدہ ہو گا۔ اگر پنڈت بنا کسی نیت کے صرف مالی فائدہ اٹھانے کے لئے عمل پڑھتا ہے تو اس عمل کا اثر اس متاثرہ مصیبت زدہ شخص کو کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکے گا۔ اس لئے اگر وہ شخص خود عمل نہیں کر سکتا ہو تو دوسرا شخص اس عمل کو کرتا ہے تو اس شخص کی نیت بھی متاثرہ شخص کی نیت کے مطابق ہونی چاہئے۔

اب آپ کسی شخص کو جو اس وقت تندرست حالت میں ہے۔ یہ کہیں کہ تم بہت کمزور ہو گئے ہو اور اس کو یہ لفظ کچھ کچھ وقفہ کے ساتھ کہتے رہیں تو ان الفاظ کا اس شخص پر یہ اثر ہو گا کہ وہ شخص اپنے آپ کو بیمار تصور کرلے گا اور کمزور ہونا شروع ہو

جائے گا۔

اگر اس کے برخلاف کسی بیمار شخص کو یہ کہیں کہ اس کی روز بروز صحت اچھی ہو رہی ہے تو ان الفاظ کے اثر سے وہ شخص جلد ہی اپنے آپ کو تندرست و صحت مند محسوس کرنے لگے گا۔ اب یہاں اس شخص کی نیت کو دخل حاصل ہے کہ جس نیت سے دیگر شخص کو بیمار یا صحت مند ہونے کے باوجود جو لفظ ادا کئے ہیں اسی کے مطابق اس کا اثر پڑا۔ یہاں پر یہ بات بھی ثابت ہو گئی کہ الفاظ کا اثر ان کی بناوٹ و مقصد کے مطابق ضرور ہوتا ہے۔

فحش کلمات کا اثر تو آپ اچھی طرح جانتے ہیں کہ فحش کلمات جس شخص کے لئے ادا کئے جاتے ہیں تو اس کے اثر سے اس کے خون میں گرمی پیدا ہو جاتی ہے اور وہ غصہ میں آکر لڑنے جھگڑنے کو تیار ہو جاتا ہے اور اگر ایسے غصہ والے شخص کو کوئی شخص میٹھی زبان سے سمجھائے تو اس کا غصہ دور ہو جاتا ہے۔ اس مثال میں بھی آواز کی لہروں اور نیت کا دخل موجود ہے۔

ایسی ہی ایک دوسری مثال لیجئے کہ کسی کھانے پینے کی چیز دودھ چائے و کھانا وغیرہ میں کوئی زہریلی شے چھپکلی وغیرہ گر جاتی ہے اور اس کو استعمال کرنے والا شخص لاعلمی میں اس زہریلی چیز کا استعمال کرلیتا ہے تو اس پر اس زہریلی چیز کا پورا اثر نہیں ہوتا۔ اگر اس کو پتہ چل جاتا ہے کہ اس نے زہریلی چیز کھالی ہے تو اس کے دل کی اس نیت سے وہ زہریلی چیز اپنی تاثیر سے زیادہ اثرانداز ہو گی۔ اس لئے حرف آخر میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ ہماری جیسی نیت ہو گی ویسی ہی ہمیں تسخیر بھی حاصل ہو گی۔

عمل کی نیت کے مطابق تصور کرنا دوسری شرط ہے

کسی بھی عمل کو ہم جس مقصد کے لئے پڑھیں گے اسی مقصد کے مطابق دوران عمل نیت ہونی چاہئے۔ اس کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ ہم تصور سے یہ بھی دیکھیں کہ ہمارے مقصد کے مطابق مطلوبہ کام ہو رہا ہے۔ مثال کے طور پر ہم وشی کرن

(حب) کا عمل کر رہے ہیں کہ فلاں شخص فلاں شخص سے دوستی کرے تو اس میں دوسروں کو ایک دوسرے سے بغل گیر ہوتے دیکھیں۔ اگر وشی کرن کا عمل کسی عورت کو مسخر کرنے کے لئے کیا جا رہا ہے تو آپ یہ تصور رکھیں گے کہ آپ کھڑے ہوئے ہیں اور وہ مطلوبہ عورت دیوانہ وار آپ کی طرف بڑھ رہی ہے اور آپ بھی بے قراری کے ساتھ اس عورت سے ملنے کے لئے ہاتھ بڑھا رہے ہیں۔

اگر کسی شخص کو کسی شخص سے جدا کرنے یعنی ان میں دشمنی پیدا کرنے کا عمل کر رہے ہیں تو اس میں یہ تصور ہونا چاہیئے کہ فلاں فلاں شخص ایک دوسرے کی طرف پیٹھ کر کے ایک دوسرے سے دور جانے کے لئے قدم بڑھا رہے ہیں۔

اگر آپ کسی شخص کو ہلاک کر دینے کے لئے عمل کر رہے ہیں تو آپ دوران عمل یہ تصور بنائیں گے کہ مطلوبہ شخص آپ کے عمل کے اثر سے ہلاک ہو رہا ہے۔ اگر آپ کسی کی بیماری دور کرنے کے لئے عمل کر رہے ہیں تو جب تک آپ عمل پڑھتے رہیں اس وقت آپ کا یہی تصور ہونا چاہیئے کہ وہ مطلوبہ شخص آپ کے ہر عمل کے اثر سے تیزی سے صحتیاب ہو رہا ہے اور وہ عمل جس شخص کے لئے کیا جا رہا ہے وہ شخص بھی اس دوران دل میں یہ تصور بنائے رکھے کہ میں اس عمل کے اثر سے صحتیاب ہو رہا ہوں۔ یعنی کہنے کا یہ مطلب ہے کہ عمل کی نیت کے بعد اس نیت کے مطابق دوران عمل ہمارا تصور بھی ہونا چاہیئے ورنہ عمل کی کامیابی میں شبہ رہے گا۔

ہندو دھرم میں اسی تصور کے اصول کو لے کر بت پرستی کی بنیاد پڑی۔ انہوں نے جس شخص کی پوجا کرنی ہے اور اس کو جس شکل میں وہ تصور کرتے ہیں انہوں نے اس شخص کی وہ تصویر بت کی شکل میں بنائی اور وہ شخص جس دیوی دیوتا بھگوان وغیرہ کی پوجا کرتا ہے اس کے بت کو سامنے رکھ کر یا اس بت کے سامنے بیٹھ کر اس کی پوجا کرتا ہے اور اس کے تصور میں اس بت کی شکل موجود رہتی ہے۔ اس لئے اگر آپ کسی پیر، موکل، دیوی دیوتا، راکشس، بھوت پریت، ڈاکنی شاکنی، جن، خبیث، عفریت وغیرہ کی تسخیر کر رہے ہیں تو اس عمل کے مطابق اپنے تصور میں اس کی خیالی فرضی تصویر آپ کے

دماغ میں موجود ہونی چاہیئے اور یہ بھی تصور کرنا چاہیئے کہ وہ خیالی تصویر آپ کے مقصد کے مطابق آپ کا مطلوبہ کام کر رہی ہے ایسا کرنے سے آپ اپنے عمل کے مطابق جلدی کامیاب ہوں گے۔

عمل (منتر) کو پختہ اعتماد خواہش کے ساتھ کرنا تیسری شرط ہے

کسی بھی عمل کو کرنے یا منتر کو جگانے کے لئے عامل کے دل میں اس عمل کو کرنے کی زبردست خواہش ہو اور وہ اس عمل کو اپنی ضروریات کے مطابق مانتا ہو تو وہ شخص اپنی زبردست خواہش کے مطابق پختہ ارادے کے ساتھ عمل کو کرے گا وہ بہت جلد اس عمل کو کامیاب ہو گا ورنہ اس کی عدم موجودگی سے اس کی کامیابی مشکوک ہو جائے گی اور اس کے ساتھ ساتھ اگر وہ شخص کسی دوسرے شخص کے لئے عمل کر رہا ہو تو اس شخص کے دل میں بھی یہی خواہش اور پختہ ارادہ ہونا چاہیئے۔ اگر وہ شخص آپ کے اوپر یا آپ کے عمل پر کوئی بھروسہ یا یقین نہیں رکھتا تو وہ اس عمل نقش وغیرہ سے حسب منشاء فائدہ نہیں اٹھا سکتا۔ وہ صرف اپنے وقت کو برباد کرے گا۔

میرے پاس اکثر مختلف مسائل کو لے کر لوگ آتے ہیں اور مجھے اپنی پریشانیاں بتاتے ہیں یا میں اپنے علم کے ذریعے ان کے حالات بتاتا ہوں تو وہ لوگ حالات معلوم کرنے کے بعد خرچ کے بارے میں پوچھتے ہیں اور میں کام کے لئے مناسب خرچہ و ہدیہ بتا دیتا ہوں۔ اس پر وہ شخص یقین کے ساتھ کام کرانے کی نیت کرتا ہے اور مطلوبہ خرچہ دے دیتا ہے یا جو کچھ خرچہ اس کے پاس ہوتا ہے اور بقایا خرچ کے لئے وعدہ کر لیتا ہے اور کام شروع کرنے کے لئے کہتا ہے یا یہ کہتا ہے کہ میری مطلوبہ خرچہ اٹھانے کی استعداد نہیں ہے اور خدا کے لئے میرا کام کر دیں تو میں بنا دیر کئے اس کی پریشانی دور کرنے کے لئے عمل شروع کر دیتا ہوں اور اس متاثرہ شخص کی نیت کے مطابق اس شخص کو عمل کا پورا فائدہ پہنچتا ہے۔ اگر اس کے برخلاف کوئی شخص عمل میں شبہ کا اظہار کرتا ہے اور یہ کہتا ہے کہ آپ کام کر دیں میں آپ کو خوش کر دوں گا۔ میں کام ہونے

کے بعد اور بہت سے مریض آپ کے پاس بھیجوں گا یا یہ کہ اگر یہ کام نہ ہوا تو میں آپ کو دیئے گئے روپے واپس لے لوں گا۔ ان حالات میں میں اس شخص کو کام کرنے سے منع کر دیتا ہوں کہ جب تمہیں میرے عمل اور مجھ پر یقین ہی نہیں ہے تو یہ کام بھی نہیں ہو گا اور میرا بلاوجہ وقت صرف ہو گا۔ اس لئے تم کسی ایسے عامل کے پاس جاؤ جس پر تمہیں یقین ہو۔

جب میں کسی شخص کے حالات سن کر مطمئن ہو جاتا ہوں کہ واقعی ضرورت مند ہے اور اس کی مدد کرنا معاشرہ کی مدد کرنا ہے کیونکہ بات چیت سے ہی اندازہ ہو جاتا ہے کہ وہ سچ بول رہا ہے یا جھوٹ اور اس کی کتنی ضرورت ہے کیونکہ ان باتوں کے پیچھے مخفی طاقت زبردست خواہش اور عمل پختہ اور اعتماد کارفرما رہتا ہے۔

اگر آپ کسی عمل کو تسخیر کرنا چاہتے ہیں تو آپ کے دل میں اس عمل کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کی زبردست خواہش موجود ہونی چاہئے اور عمل کی تاثیر پر پختہ یقین و اعتماد ہونا چاہئے۔ ایسا ہونے پر ہی آپ تسخیر حاصل کرنے اور اس عمل سے متعلق دیوی' دیوتا' جن' بھوت' موکل وغیرہ کو مسخر کرنے میں کامیاب ہوں گے۔ اس کے برخلاف آپ کو عمل کی تاثیر میں شبہ ہے اور آپ کو اپنے اوپر اعتماد نہیں ہے کہ آپ متعلقہ دیوی دیوتا وغیرہ کو مسخر کرنے میں کامیاب نہیں ہوں گے اور دوران عمل پیدا ہونے والی پریشانیوں' ڈراؤنے خوفناک حالات کا مقابلہ کرنے کی ہمت نہیں رکھتے وہ اس کی موجودگی میں کوئی عمل نہ کریں اور نہ کسی سے کرائیں اور قانون قدرت کے مطابق اپنی پریشانیوں کو قسمت پر چھوڑ دیں۔

ذہنی و جسمانی بیماریوں کا علاج بھی اسی زبردست خواہش و اعتماد کے ساتھ کرایا یا کیا جاتا ہے کہ میں اس علاج سے ٹھیک ہو جاؤں گا اور جو شخص اپنی لمبی زندگی پر یقین و اعتماد رکھتے ہیں ان کو ہی طویل زندگی حاصل ہوتی ہے۔ اس کے برخلاف جو شخص یہ سوچتا ہے کہ میں جلد مرجاؤں گا تو وہ شخص ضرور کسی نہ کسی بیماری میں مبتلا ہو کر جلد ہی موت کو حاصل کر لیتا ہے جیسے کوئی شخص کہتا ہے کہ خدا مجھے جلدی موت دے دے تاکہ میں

ان پریشانیوں سے نجات حاصل کر سکوں تو اس شخص کے ایسے کہنے سے اس کے دل و دماغ پر برے اثرات پیدا ہو کر بیماریوں کا سبب بن جاتے ہیں جو اسے موت کی طرف دھکیلتے ہیں۔ ان حالات سے متاثرہ شخص کو چاہیئے کہ وہ پختہ ارادہ کے ساتھ اپنی پریشانیوں کو دور کرنے کی کوشش کرے کیونکہ کوشش کرنے سے ان کی پریشانیوں کا کوئی نہ کوئی حل نکل ہی آتا ہے۔

اس لئے ہم کہہ سکتے ہیں کہ کسی شخص میں خواہش و پختہ یقین و اعتماد کی کمی اس کی بدقسمتی بن جاتی ہے وہ عمل کے علاوہ دنیا کے کسی کام میں کامیابی حاصل نہیں کر سکتے اور ان لوگوں کو چاہیئے کہ وہ کسی عمل یا منتر کی تسخیر نہ کریں اور نہ اس کا استعمال کریں کیونکہ اس کے نتیجہ میں ان کو کوئی کامیابی نہیں ملے گی اور ان کا وقت بھی بیکار میں صرف ہو گا۔

منتر شکتی سے کام لینے کے دیگر اصول

مندرجہ بالا تین بنیادی اصولوں نیت' تصور' زبردست خواہش کے ساتھ کامیابی کے لئے پختہ یقین' اعتماد کے علاوہ منتر شکتی سے کام لینے کے لئے مندرجہ ذیل اصولوں کو بھی مدنظر رکھا جاتا ہے۔ جن کو نظرانداز کرنے سے منتر شکتی کے فائدے حاصل کرنے میں شبہ پیدا ہو جاتا ہے۔

قسم منتر ایک حرف والے منتر کو "پنڈ" دو حرف والے منتر کو "کرتری" اور تین حرف سے 9 حروف والے منتر کو "بیج" اور دس حروف سے لے کر بیس حروف کے منتر کو "سنگیا" اور بیس سے زیادہ حروف والے منتر کو "مالا" کہا جاتا ہے۔

مقام جہاں پر عمل کیا جاتا ہے وہ جگہ پاک و صاف ہو۔ جیسے مندر' مسجد' گوردوارہ' چرچ وغیرہ۔ اس کے علاوہ دیگر مقاموں کو اپنے مقصد کے

مطابق پاک وصاف کر کے عمل کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

وقت عمل کے مطابق وقت کا انتخاب کیا جاتا ہے۔ شکل پکش و کرشن پکش کی پنچمی تتھی تک کے درمیان عمل کے مقام کو انتخاب کر کے پاک وصاف کر لیا جائے۔

1 : شکل پکش اس کو کہتے ہیں جب قمر عروج میں ہوتا ہے۔

2 : کرشن پکش میں قمر زوال میں ہوتا ہے۔

3 : تتھی ایک تاریخ کو کہتے ہیں جو ہندی ماہ میں قمر کے مقام کے مطابق ہوتی ہے۔

مندروں میں سدھ مقام' زیارت گاہ' گنگا کے کنارے جیسے مقدس مقاموں پر مہورت کے وقت دیکھنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

اپنی راشی (برج) کو دیکھ کر لگن کا انتخاب اس طرح کرنا چاہیئے۔

حمل' سرطان' میزان' جدی۔ یہ لگن شیو منتروں میں کامیابی دلاتے ہیں۔

طاقت میں جوزا' سنبلہ' قوس اور حوت اچھے ہوتے ہیں۔

ویشو منتروں میں حمل' عقرب' اسد' دلو لگن اچھا فائدہ دیتے ہیں۔

ویسے ثور' اسد' سنبلہ' قوس' حوت لگن کے وقت قمر سعد حالت میں ہو تو تب عمل شروع کرنا سعد مانا جاتا ہے لگن کے تیسرے' چھٹے' گیارہویں مقام پر جب نحس سیارہ ہوتا ہے اور چوتھے' پانچویں' ساتویں' نویں اور دسویں مقام پر سعد سیارہ ہوتا ہے اس وقت عمل شروع کرنا کامیابی دلاتا ہے۔

مہینہ کونسا عمل کس مہینہ میں کریں۔ اس کا فیصلہ (انتخاب) اس طرح کریں۔

چیت کے مہینہ میں ہمزاد۔

بیساکھ کے مہینہ میں جواہرات۔

بیشھ (جیٹھ) کے مہینہ میں ہلاکی۔

اساڑھ کے مہینہ میں بھائیوں کو نقصان۔

شرون (ساون) کے مہینہ میں لمبی عمر۔

بھادوں کے مہینہ میں اولاد کو نقصان پہنچانا۔

اشونی (اسوج) کے مہینہ میں فائدہ دولت۔

کارتک اور اگھن (کاتک' مگھر) کے مہینہ میں منتر سدھی۔

پوش (پوہ) کے مہینہ میں دشمن کو نقصان پہنچانا۔

ماگھ کے مہینہ میں ذہنی ترقی۔

پھاگن کے مہینہ میں سبھی طرح کے دلی مقصدوں کو پورا کرنے کے لئے عمل کئے جا سکتے ہیں۔

دن اتوار کو شروع کئے منتر سے حصولیابی دولت۔

پیر کو دفع بلیات و مشکلات۔

منگل کو عمر کا کم ہونا۔

بدھ کو سعد۔

جمعرات کو زیادتی بارش۔

جمعہ کو خوش قسمتی۔

ہفتہ کے دن عمل کرنے سے عزت کا نقصان ہوتا ہے۔

تتھی قمر روزانہ جو رفتار طے کرتا ہے وہ ہندی ماہ میں تتھی کہلاتی ہے۔ جب قمر کی پندرہ تاریخ ہوتی ہے تو وہ پورنماشی کہلاتی ہے اور 30 تاریخ کو اماوش کہتے ہیں۔ تتھی کا وقت قمر کی رفتار پر منحصر ہوتا ہے۔ پورنماشی کو دکشا سدھی ہوتی ہے۔ اماوش کو سدھی نہیں ہوتی۔ پہلی تتھی پرتی پرا میں ذہنی نقصان' دو کو بارش' 3 کو پاک وصاف' چار کو مالی نقصان' پانچ کو علم کی ترقی' 6 کو علم کو نقصان پہنچانا' سات کو خوش قسمتی' آٹھ کو ذہنی نقصان' 9 کو جسمانی نقصان' دس کو سرکاری کاموں میں کامیابی' گیارہ کو

پاک و صاف' بارہ کو سب کاموں میں روپیہ کا نقصان' تیرہ اور چودہ کو ترگیہ یونی کی حصولیابی ہوتی ہے۔

پنچھتر (منازل قمری) اشونی میں خوش قسمتی' بھرنی میں مارن (ہلاکی)' کرتکا میں نقصان' روہنی میں حصولیابی علم' آرادرا میں رشتہ داروں کا نقصان' پزبسو میں مالی فائدے' پکھ میں نقصان دشمن' اشلیکھا میں موت' کھما میں دفع تکلیف' پوربا پھاگنی' اترا پھاگنی اور ہست میں عقل' دولت وغیرہ کی حصولیابی' عمل کرکے کامیابی حاصل کی جاتی ہے۔

منتر کا منتخب کرنا

منتر کی کئی قسمیں ہیں۔ ان میں سے کسی شخص کے عمل کے لئے منتر کا منتخب کرنا' استاد (گرو) کا کام ہے۔ منتر کے انتخاب میں کئی طرح کے جدول مددگار ہوتے ہیں۔

کُولا کُل چکر (جدول)

اس جدول میں پانچ خانے ہیں جو بادی' آتشی' خاکی' آبی' فلکی ہیں۔ عامل کے نام کا پہلا حرف اور منتر کا پہلا حرف اگر ایک ہی مزاج کے خانے میں آجاتے ہیں تو وہ اپنے کل کا منتر مانا جاتا ہے۔ اسے حاصل کرنے میں فائدہ ہے۔ اگر دونوں حرف ایک ہی مزاج کے مطابق نہیں ہیں تو ایسی حالت میں دوست مزاج کو لینا چاہیئے۔ فلکی حروف سب کے دوست ہیں۔ آتشی بادی میں اور آبی خاکی میں دوستی ہے۔ بادی خاکی اور آتشی آبی میں دشمنی ہے۔ آتشی خاکی' بادی آبی میں نہ دوستی ہے اور نہ دشمنی۔ دشمنی والے حرف کا منتر فائدہ نہ پہنچا کر نقصان پہنچاتا ہے۔ اپنے ہم مزاج اور دوست حرف کے منتر سے سدھی (تسخیر) حاصل ہوتی ہے۔

کُولا کُل جدول

بادی	آتشی	خاکی	آبی	فلکی	مزاج
ا آ	اِ	اُ	ری	لرے	سَوَرَ
اِ	اِ	اُ	اُ	اں	سَوَرَ
ک	خ	گ	گھ	ڈے	ک ورگ
چ	چھ	ج	جھ	میں	چ ورگ
ٹ	ٹھ	ڈ	ڈھ	انے	ٹ ورگ
ت	تھ	د	دھ	ن	ت ورگ
پ	پھ	ب	بھ	م	پ ورگ
ی	ر	ل	و	ش	ی ورگ
ش	ش	ث	س	ھ	ش ورگ

کل عالم کی پیدائش پانچ عناصر سے کی گئی ہے اور ہمارا جسم بھی ان پانچ عناصر کا مجموعہ ہے۔ پانچ دیوتاؤں کی سادھنا اپاسنا (عبادت) کا بھی یہی مقصد ہے اور مندرجہ بالا جدول کولا کل میں بھی پانچ عناصر لئے گئے ہیں۔ اس لئے یہ جدول زیادہ فائدہ مند منتروں کے انتخاب کے لئے مفید ثابت ہوتی ہے۔

راشی جدول اپنے نام کے پہلے حرف یا لگن کی راشی یا شمسی و قمری لگن کی راشی کے مطابق بھی کسی عمل کو کرنا فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

آپ اپنے نام کا پہلا حرف اور منتر کا پہلا حرف دیکھیں کہ وہ کس راشی (برج) سے متعلق ہے۔

مندرجہ بالا جدول میں یہ دیکھیں کہ آپ کے حروف کی راشی کے حساب سے

منتر والے حرف کی راشی کتنے اعداد کے فاصلہ پر ہے۔ اگر یہ تعداد چھ‘ آٹھ‘ بارہ پڑے تو عمل چھوڑ دیں۔ ایک‘ پانچ‘ نو دوستی کی حدود میں آتے ہیں۔ سات‘ دس فائدہ مند ہیں۔ تین گیارہ مددگار ہیں۔ چار‘ آٹھ‘ بارہ نقصان دہ ثابت ہوتے ہیں۔

جدول راشی (برج)

مین / کنبھ ی ر ل و پ پھ ب بھ م	میکھ ا آ اِ اِ	برکھ اُ اُ اُ ری متھن لرے
مکر ت تھ د دھ ن	جدول برج	کرک اے اِے
برچھک ج جھ یں	تلا ک خ گ گھ ڈے	کنیا ان - اہ ش ش س ھ ٹھ اکشے

جدول پنچھتر (منازل قمری)

جدول پنچھتر سے اپنا اور منتر کا گن دیکھنا چاہیئے۔ جب عامل کے نام کا پہلا حرف منشیہ گن میں ہو تو اس کے لئے منشیہ گن کا منتر کا انتخاب ہونا چاہیئے۔ عامل کے لئے منشیہ گن کے لئے دیو گن بھی اچھا رہتا ہے مگر راکشس گن نقصان دہ رہتا ہے۔ جدول میں نرگن سے مراد منشیہ (انساں) گن سے ہے۔ اسی طرح منشیہ گن کا منتر بھی دیو گن والے عامل کے لئے درمیانہ درجہ رہتا ہے اور راکشس گن نقصان دہ رہتا ہے۔ راکشس گن کا منتر صرف راکشس گن عامل کے لئے فائدہ مند ہے۔ جدول کے ذریعے اپنے نام کے

حروف سے پنچھتر اور گن دیکھ لیں۔

پنچھتر	اشونی	بھرنی	کرتکا	روہنی	مرگشرا	آردرا	پنربس	پکھ	اشلیکھا
حروف	ا آ	اِ	اُ اُ اُ	ری لرے	اے	اِے	اد اُو	ک	کھ گ خ
گن	دیو	نر	راکشش	نر	دیو	نر	دیو	دیو	راکشش
پنچھتر	مگھا	پورو پھاگنی	اترا پھاگنی	ہست	چترا	سواتی	وشاکھا	انورادھا	جیشٹھا
حروف	گھ ڈے	چ	چھ ج	جھ یں	ٹ ٹھ	ڈے	ڈھ انے	ت تھ د	دھ
گن	راکشش	نر	نر	دیو	راکشش	دیو	راکشش	دیو	راکشش
پنچھتر	مولا	پوروبا کھاڈ	اترا کھاڈ	شرون	دھنشٹا	بجھا ست	پوربا بھادرپد	اترا بھادرپد	دیوتی
حروف	ن پ پھ	ی	بھ	م	ی ر	ل	وش	ش س ھ	ن اکشے ایں
گن	راکشش	نر	نر	دیو	راکشش	نر	نر	نر	دیو

پھر اپنے منتر سے پنچھتر کے منتر تک گن لیں کہ کتنی تعداد کا فرق ہے اور اس کے احکام اس طرح ہوں گے۔

1 : پیدائش۔ 2 : سمپت۔ 3 : وپت۔
4 : اکشیم۔ 5 : پرتیادی۔ 6 : سادھک۔

7 : دوہ۔ 8 : منتر۔ 9 : پرم منتر۔

اگر اتنے اعداد کے اندر منتر نہ آتا ہو تو منتر کو بالکل چھوڑ دیں۔

جدول نفی جمع

یہ جدول رودریامل کے مطابق دی گئی۔ مندرجہ ذیل جدول میں اوپر کے خانے میں منتر کے پہلے حرف اور نیچے کے خانے میں عامل کے نام کے پہلے حرف کے اعداد دیئے گئے ہیں۔ عامل اور منتر کے نام کے سور جو دوسرے خانے میں ہیں وورن (تیسرے، چوتھے پانچویں) الگ الگ کر کے ہر ایک اعداد الگ الگ جمع کرنے چاہئیں۔ اس کے بعد دونوں تعداد کو الگ الگ آٹھ سے تقسیم کریں۔

اگر باقی اعداد میں منتر کا عدد زیادہ آتا ہو تو وہ نفی کہلاتا ہے اور کم ہونے پر جمع۔ نفی کا عدد سدھی کی نشانی ہے۔ برابر ہونے پر بھی اچھا مانا جاتا ہے۔ جمع ہونے پر سدھی حاصل ہونے پر دیر لگتی ہے۔ اگر کچھ نہ بچے تو منتر ہلاکی کی وجہ بن جاتا ہے یعنی منتر کی رجعت سے عامل کو زبردست نقصان پہنچتا ہے اور وہ ہلاک ہو جاتا ہے یا پاگل بن جاتا ہے۔

اس لئے کسی کامل استاد سے اپنے نام کے مطابق منتر کو حاصل کرنا چاہیئے ورنہ عامل کو زبردست جانی و مالی نقصان اٹھانا پڑے گا۔ استاد (گرو) کو بھی چاہیئے کہ ان جدولوں کے حساب سے اپنے شاگرد کو اس کی جسمانی و ذہنی طاقت کو مدنظر رکھتے ہوئے منتر دے۔ اس میں شاگرد کی بھلائی ہوتی ہے۔

ان جدولوں کے علاوہ دیگر دو جدولوں اکڈم اور اکتھیا کو غیر ضروری سمجھ کر چھوڑ دیا گیا ہے۔

جدول نفی و جمع درج ذیل ہے۔

جدول نفی و جمع

٦	٦	٦	٠	٣	۴	۴	٠	٠	٠	٣	اعداد منتر
ا آ	اِ اِ	اُ اُ	رِی رِی	لر	اے	اِے	او	اَو	ال	اہ	گرو
ک	خ کھ	گ	گھ	ڑے	چ	چھ	ج	جھ	ئیں	ٹ	
ٹھ	ڈ	ڈھ	انے	ت	تھ	د	دھ	ن	پ	بھ	
ب	بھ	م	ی	ر	ل	و	ش	ث	س	ھ	
٢	٢	۵	٠	٠	٢	١	٠	۴	۴	١	اعداد عامل

منتروں کے دس سنسکار


منتروں کی سادھنا کرنے سے پہلے اسے سنسکارت کرنا ضروری ہوتا ہے۔ یہ سنسکار دس ہوتے ہیں۔ اگر منتر چھوٹا ہے تو اس کے سبب سب سنسکار ایک دن میں ہو جاتے ہیں۔ بڑا منتر ہے تو اس پر تین دن لگ جاتے ہیں جس کی مختصر تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

1 : جنن چندن، گوروچن یا کنکم وغیرہ سے بھوج پتر پر آتمبھی مکھ ہو کر مندرجہ ذیل تکون بنائیں۔ اس تکون میں تینوں کونوں میں چھ چھ برابر لکیریں کھینچ لیں جس سے 49 تکون بن جائیں گے۔ ایشان کون سے شروع کر کے ماترکاورنوں کو ان تکون خانوں میں لکھیں۔ اس کے بعد منتر سے منسوب دیوی دیوتا کی پوجا کرنی چاہیئے اور منتر کے ہر ورن کر لے کر ایک کاغذ پر لکھیں۔ اسی کو جنن سنسکار کہتے ہیں۔ جدول ترکون مندرجہ ذیل ہے۔

2 : دیپن ہنس منتر کا سمپٹ لگا کر ایک ہزار مرتبہ منتر کو پڑھیں۔ اس کو دیپن سنسکار کہتے ہیں منتر یہ ہے۔

ہنسو رامائے نمہ سوہم۔

جدول جنن



3 : بودھن "ہوں" بیج کا سمپٹ لگا کر پانچ سو مرتبہ منتر پڑھیں۔ یہی بودھن سنسکار ہے۔ منتر یہ ہے۔

ہوں رامائے نمہ ہوں۔

4 : تاڑن "پھٹ" کا سمپٹ لگا کر منتر پڑھنے سے تاڑن سنسکار ہوتا ہے۔ منتر یہ ہے۔

پھٹ رامائے نمہ پھٹ۔

5 : ابھیشیک پہلے بھوج پتر سے منتر لکھیں پھر "اوم ہیں سہ اں" منتر کو

پڑھ کر دم کریں پھر ایک ہزار ورد کر کے پانی کے چھینٹے منتر کو دیں۔

6 : وِمل کرن "ان تروں وشٹ" کا سمپٹ لگا کر ایک ہزار مرتبہ منتر کو پڑھیں۔ اسی کو وِمل کرن کہتے ہیں۔

7 : جیون "سودھا وشٹ" کا سمپٹ لگا کر ایک ہزار مرتبہ منتر کو پڑھنا "جیون" سنسکار کہلاتا ہے۔

8 : ترپن مول (اصل) منتر کا جاپ کر کے سو مرتبہ دودھ پانی اور گھی سے ترپن کرنے سے "ترپن" سنسکار ہوتا ہے۔

9 : گوپن "ہریں" کا سمپٹ لگا کر ایک ہزار مرتبہ منتر کا جاپ کرنا "گوپن" سنسکار کہلاتا ہے۔

10 : آپیاین "ہروں" کا سمپٹ لگا کر ایک ہزار مرتبہ منتر کا جاپ کرنے پر "آپیاین" سنسکار ہوتا ہے۔


نوٹ : سمپٹ کے معنی یہ ہیں کہ آپ جس منتر کی تسخیر کر رہے ہیں اس منتر کو مندرجہ بالا منتر پڑھ کر ان کا سنسکار کریں۔ کسی بھی تسخیر کرنے والے منتر کو اس طرح عمل سے پہلے پڑھنے سے منتر کا سنسکار ہو جاتا ہے۔ جس کے اثر سے مطلوبہ منتر کی جلد ہی تسخیر ہو جاتی ہے۔

نقشہ مقام عمل۔ کورم چکر

عمل کرنے کے لئے جو مقام منتخب کیا جائے وہاں مندرجہ ذیل تصویر کے مطابق تصویر بنائیں۔ اس چکر (جدول) میں گاؤں یا شہر کا پہلا حرف تحریر ہے اسے کورم کا منہ تصور کرنا چاہیئے۔ قدرتی طور پر منہ کے دونوں اطراف اس کے بازو ہوں گے۔ نیچے والے حصہ میں پیر، روب کو اس کی پونچھ سمجھنا چاہیئے۔ اسی طرح بیچ کے حصہ کو بھی تقسیم کر

لیں۔ منہ والے مقام پر عمل کرنے سے تسخیر جلد حاصل ہوتی ہے۔ بازو پر بیٹھ کر عمل کرنے سے عمر کم ہوتی ہے۔ نیچے کے حصے میں عمل کرنے سے نا امیدی' پیروں پر دکھ اور پونچھ کے پاس عمل کرنے سے بندھن ہوتا ہے۔ کورم چکر مندرجہ ذیل ہے۔

کورم چکر



منتر کو جگانا

ہر ایک منتر کے معنی ہوتے ہیں جو فائدہ دینے والے ہوتے ہیں۔ قانون منتر کو عام لفظ تصور نہیں کرتا بلکہ ویدک شاشتروں کو منتر کو کل عالم کی تشکیل کی بنیاد بتایا ہے۔ اس لئے منتر کی تسخیر کے لئے ضروری ہے کہ منتر کو عملی بنا دیا جائے جس کو منتر جگانا کہتے ہیں کیونکہ منتر جاگتا ہے تب ہی وہ اپنی عملی تاثیر ظاہر کرتا ہے۔

منتر کو جگانے کے مختلف طریقے ہیں۔

1 : ورد اتنتر کے مطابق منتر کے ساتھ لفظ "دوے" لگا کر منتر کا جاپ ایک ہزار مرتبہ کیا جائے۔

2 : پہلے تین بیج منتروں "اوم کلیں شریں ہریں" اور اس کے بعد ال آں کس کھس سے اکشٹے تک کل حرفوں کو پڑھیں۔ اس کے بعد منتر کا جاپ اور پھر بیج حرفوں کو پڑھیں۔ یہ ایک مرتبہ کا جپ ہوا۔ اسی طرح ایک سو آٹھ مرتبہ منتر پڑھنے سے منتر جاگ جاتا ہے۔

3 : سوریہ منڈل میں اپنے منتر کا سیو روپ گرو اور برہم روپا شکتی کا دھیان کرتا ہوا اصل منتر کو ایک سو آٹھ مرتبہ پڑھنا منتر جگانا کہلاتا ہے۔

4 : ایک کامل بزرگ نے منتر کو جگانے کا طریقہ اس طرح بتایا ہے کہ ایسا خیال کریں کہ میرے دل میں موجود چکر پر منتر کے سب حروف موجود ہیں۔ اس طرح دھیان لگا کر منتر کو ایک سو آٹھ مرتبہ پڑھنے سے وہ جاگ جائے گا۔

بھوت شدھی

بھوت شدھی کا مطلب ہے کہ کسی منتر کو تسخیر کرنے سے پہلے عامل اپنے جسم و دل و دماغ وغیرہ کو پاک و صاف کر لے۔ اسی کو بھوت شدھی کہتے ہیں۔ اس کا طریقہ یہ

ہے کہ اپنے چاروں طرف پانی چھڑک لیں اور آتشی لفظ "راں" کو لگاتار پڑھتا ہوا دل میں یہ خیال کرے کہ۔

میرے چاروں طرف آگ کی دیوار بن گئی ہے جو میری ہر طرح سے حفاظت کرے گی۔

اس کے بعد اپنے آپ کو پاک و صاف کرنے کی نیت کریں۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ اپنے دل میں یہ خیال کریں کہ۔

میرے دل میں ایک کمل کا پھول ہے جس کی تشکیل مذہب و علم سے ہوتی ہے۔

آٹھ قسم کے عیش و آرام کو دل ماننے اور ویراگیہ کو کرنے کا اور اس کرنیکا پر ہی ہماری روح کی رہائش ہے۔

ایسا خیال کرتے ہوئے مول آدھار چکر میں کنڈلنی کا خیال رکھیں۔ وہاں سے آکر کنڈلنی روح کو اپنے منہ میں لے لیتی ہے اور سوسمنا راستہ سے جاکر ایشور سے مل جاتی ہے۔

آہستہ آہستہ اس کی مشق کرتا رہے۔ ممکن ہو تو اس حالت میں رہے کہ روح کو دل کے مقام پر لے آئے۔ اس عمل کی مشق سے پاکیزگی' سکون' طاقت اور خوشی کا احساس ہوتا ہے۔

منتروں کی کلوکا

سرسوتی تنتر کے مطابق جس منتر کا جاپ کرنا ہو اس منتر کے دیوی دیوتا کے مطابق اس دیوی دیوتا سے منسوب منتر اصل منتر کے ساتھ پہلے ملا کر پڑھیں۔ اسے منتر میں کلوکا لگانا کہتے ہیں۔

کچھ منتروں کی کلوکا کا مندرجہ ذیل ہے۔

نمبر شمار	منتر	کلوکا
۱	وشو منتر	اوم نمو نارائنائے
۲	لکشمی منتر	اوم شریں
۳	سرسوتی منتر	اوم ایں
۴	ان پورنا منتر	اوم کلیں
۵	شیو منتر	اوم ہروں
۶	کالی منتر	اوم کریں ہوں استریں ہریں پھٹ
۷	بھیروی منتر	اوم ہ س ریں
۸	ترپرسندری منتر	ایں کلیں ہریں ترپرے بھگوتی سواہا یا کلیں
۹	بھونیشوری منتر	اوم ہریں
۱۰	تارا منتر	اوم ہریں شریں ہوں
۱۱	ماتنگی منتر	اوم
۱۲	ثوڈشی منتر	اوم استریں
۱۳	دھوماوتی منتر	اوم ہریں
۱۴	منجو گھوشا منتر	اوم اوچ ل دھیں
۱۵	چھن ستا منتر	اوم شریں ہریں ہریں ایں ہریں ہریں سواہا
۱۶	ویروچنی منتر	اوم شریں ہریں ہریں ایں سواہا ہوں

منتر سیتو — ہندوؤں میں معاشرہ کو چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

1 : براہمن۔ 2 : اکشتری۔ 3 : ویشیہ۔ 4 : شودر۔

براہمن' اکشتری اور ویشیہ منتروں کا علم حاصل کرنے کے اہل مانے گئے ہیں اور شودر قوم کو اس علم کو حاصل کرنے میں نااہل قرار دے دیا گیا ہے۔ اس لئے عامل اپنی قوم و ذات کے مطابق منتر کو پڑھنے سے پہلے اس سے منسوب لفظ کو اپنے دل میں ایک سو

آٹھ مرتبہ پڑھتا ہے۔ اس کے بعد اصل منتر کو پڑھتا ہے۔ اسی کو منتر سیتو کہتے ہیں۔ براہمن اور اکشتری کے لئے "پرنو" ویشیوں کے لئے لفظ "پھٹ" کیونکہ شودر قوم کالی بھیروں وغیرہ تامسک شکتیوں کی پوجا کرتی ہے اس لئے وہ منتر سے پہلے "ہریں" لفظ کو دل میں پڑھتے ہیں۔

مہاسیتو

سبھی حالات میں کسی بھی منتر کا جاپ کرنے سے پہلے مہاسیتو کا جپ ضرور کرنا چاہئے کیونکہ اس کا جپ کرنے کے بعد کسی بھی منتر کا جاپ کیا جا سکتا ہے۔ "کالی" کا مہاسیتو کریں۔ "تارا کا ہوں" ترپرسندری کا "ہریں" باقی سب دیوتاؤں کا "استریں" ہے۔
اس مہاسیتو کو حلق کے ذریعہ پڑھیں۔

نروان

سب سے پہلے پرنو کا اس کے بعد کل ہندی حروف کا پھر اپنے منتر کا پھر کل ہندی حروف و پرنو کا جاپ کریں۔ یہ جپ منی پور چکر میں کرنا ہوتا ہے۔ اس طریقہ کو نروان کہتے ہیں۔

مکھ شودھن

ہم اپنی زبان کے ذریعہ جھوٹی تقریریں، غیبت، برائی، فحش کلمات، لڑائی، جھگڑا وغیرہ برے کام کر کے اپنی زبان کو ناپاک کر لیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے زبان سے ادا کئے گئے الفاظ میں کوئی تاثیر نہیں ہوتی۔ اس لئے زبان کو پاکیزہ کرنے کے کام کو مکھ شودھن کہتے ہیں۔ آپ کو جس دیوی دیوتا کی سادھنا کرنی ہو اس کا مکھ شودھن منتر کو دس مرتبہ پڑھنا چاہئے پھر عمل شروع کریں۔
مکھ شودھن منتر درج ذیل ہیں۔

۱	گنیش	اوم گیں
۲	وشنو	اوم چھیں
۳	لکشمی	شریں
۴	درگا	ایں ایں ایں
۵	تارا	ہریں ہوں ہریں
۶	ترپرسندری	شریں اوم شریں اوم شریں اوم
۷	شیاما	کریں کریں کریں اوم اوم اوم کریں کریں کریں
۸	بگلا مکھی	ایں ہری ایں
۹	ماتانگی	اوم ایں اوم
۱۰	دھوماوتی	اوم
۱۱	دھندا	اوم دھوں اوم

پران یوگ منتروں میں روح پھونکنا پران یوگ کہلاتا ہے۔ پران وان ہونے سے منتر جلد ہی تسخیر ہو جاتا ہے۔ منتر میں "ہریں" لفظ جوڑ کر اصل منتر کو سات مرتبہ پڑھیں تو ایسا کرنے سے منتر جاندار ہو جاتا ہے۔ یہی پران یوگ کا طریقہ ہے۔

دیپنی اس طریقہ سے منتر ظاہر ہوتا ہے۔ منتر میں لفظ "پرنو" لگا کر سات مرتبہ منتر کو پڑھنا دیپنی کہلاتا ہے۔

منتر کے آٹھ نقص

عامل کو منتر کی تسخیر کرنے کے لئے زبردست خواہش، پختہ یقین و اعتماد رکھنا اور تصور کا قائم کرنا انتہائی ضروری ہے تبھی تسخیر میں کامیابی ملتی ہے۔ اس کے برخلاف جو عامل منتر کو حروف کا مجموعہ مانتا ہے اس کی کامیابی مشتبہ ہوتی ہے۔ اگر وہ زیادہ سے زیادہ

منتر کو لگاتار پڑھتا رہے تبھی اسے کامیابی مل سکتی ہے۔ اصل منتر کا جپ ہونے سے اس سے منسوب دیوی دیوتا خوش ہوتے ہیں۔

2 : بھول لفظ استاد کے بتانے اور شاگرد کے سمجھنے میں لفظوں کی کچھ بھول ہو گئی ہو جس سے منتر کے لفظوں میں الٹ پھیر ہو جائے یا کم زیادہ ہو جائیں تو کامیابی میں رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہے۔ اس بھول کو سدھارنے کے لئے شاگرد منتر کو لکھ کر استاد سے اس کو صحیح کرا لے پھر پڑھے۔

3 : لفظ چھٹ جانا اگر منتر میں کوئی لفظ چھٹ جائے تو استاد کو دکھا کر منتر کو لفظوں کو پورا کر لیں پھر منتر کریں۔

4 : لفظ نامکمل منتر کا کوئی مشترکہ لفظ چھٹ جائے تو یہ چھن نقص کہلاتا ہے۔ اسے بھی استاد ہی دور کرتے ہیں۔

5 : ہرسو منتر میں بہت سے ایسے لفظ ہوتے ہیں جن کو کھینچ کر پڑھا جاتا ہے اس کو ہرسو نقص کہتے ہیں۔ اس لئے منتر کو استاد کے سامنے پڑھ کر اس کی آواز کے طریقے کو درست کر لینا چاہئے۔

6 : دیرگھ اسی طرح منتر کے کسی لفظ کو جلدی پڑھنے کی بجائے خوب لمبا کر کے پڑھ دیا تو اس کو دیرگھ نقص کہا جاتا ہے۔

7 : کتھن جس منتر کی آپ تسخیر کر رہے ہیں اس کو کسی بھی شخص کے سامنے بیان نہ کریں۔ اگر کوئی عامل شخص اپنے عمل کو کسی کو بتا دیتا ہے تو عمل کی تاثیر وہیں ختم ہو جاتی ہے۔ اس کو ہی کتھن نقص کہا جاتا ہے۔

8 : سوپن کتھن خواب کی حالت میں کسی شخص کو اپنا منتر بتانا سوپن کتھن نقص کہلاتا ہے اس طرح بھی تاثیر ختم ہو جاتی

ہے۔

مندرجہ بالا نقص استاد کے نظر کرم و مہربانی سے اور تعاون سے دور کئے جا سکتے ہیں۔

منتروں کی تسخیر کے دیگر طریقے

کبھی کبھی ایسا ہوتا ہے کہ عامل مندرجہ بالا سب شرائط و قانون پورا کرنے پر بھی منتر کی تسخیر کرنے میں ناکام رہتا ہے تو وہ دوبارہ منتر کی تسخیر کرے۔ اگر دوسری مرتبہ بھی کامیابی نہ ملے تو تیسری مرتبہ کرے۔ اگر اس مرتبہ بھی کامیابی نہ ملے تو مندرجہ ذیل طریقہ پر عمل کرے۔

1 : بھرامن سنسکار منتر میں بادی بیج "یں" جوڑ کر منتر کو کپور چندن سے لکھے اور جپ پوجن ہون کرے۔

2 : بودھن سرسوتی بیج "ایں" کو منتر کے ساتھ ملا کر منتر کو پڑھے۔

3 : وشیہ لال چندن کوٹ، دھتورے کا بیج الچیک، مینسل کو ملا کر اس کی سیاہی بنا کر بھوج پتر پر تسخیر کرنے والے منتر کو لکھیں اور اس کا تعویذ بنا کر گلے میں پہن لینے سے کامیابی ہو گی۔

4 : پیڈن ادھروترا یوگ سے پیروں تک جپ کرے ادھروتر روپنی دیوتا کا دھیان کرے اور اکشور عرق کے دودھ سے منتر کو لکھنے اور پیر سے دبا کر ہون کرے۔

5 : پوشن منتر میں اول و آخر میں "استری" لفظ کو بڑھا کر جاپ کریں اور گائے کے دودھ میں شہد ملا کر اس سے اپنے ہاتھ پر منتر کو لکھیں یا لکھ کر بازو میں پہن لیں۔

6 : شوسن بادی بیج "لیں" کا لفظ منتر کے ساتھ لگا کر جاپ کریں اور بھوج پتر پر گیہ کی راکھ سے سیاہی بنا کر نقش بنائیں اور گلے میں پہن لیں۔

7 : داہن آتشی بیج "راں" کو پلاس بیج کے تیل سے منتر کے ایک ایک لفظ کے اوپر نیچے آگے پیچھے لکھ کر نقش بنائیں اور گلے میں پہن لیں۔

ان سب مندرجہ بالا طریقوں کو ایک وقت میں استعمال میں نہ لائیں۔ پہلے ایک طریقہ کو کام میں لائیں۔ اس میں کامیابی نہ ملے تو دوسرے طریقہ کو شروع کر دیں۔ پوری امید ہے کہ کسی نہ کسی طریقہ سے عامل کو کامیابی حاصل ہو جائے گی۔

پوجا آپ جس منتر کی تسخیر کرنا چاہتے ہیں اسے تانبہ کے پترے پر اشٹ گندھ کی سیاہی سے لکھیں اور اس منتر کے چاروں طرف مندرجہ ذیل دونوں منتر لکھ دیں۔

1 : ک اے ۔ ا ۔ ل ۔ ہریں ۔ ھ ۔ س ۔ کل ۔ ہریں ۔ سکل ۔ ہریں۔

2 : ھ س ک ل ہریں ھ س کل ہریں سکل ہریں۔

پھر سوڈشو طریقہ سے پوجا کریں۔ اس منتر کے دیوتا کی دل میں پوری تصویر و خیال ہونا چاہئے۔ اسے ہی اصل شکل میں تصویر کریں۔ اس کے بعد پیٹھ پوجا کریں۔ پیٹھ پوجا کے بعد ابھیشک اور برہم گمت کی استھاپنا ہونی چاہئے۔ دریا (گنگا، جمنا وغیرہ) کا پانی لا کر گھڑوں میں بھر کر رکھ دیں اور ان گھڑوں کے منہ پر ناریل، کیلا، تلسی کے پتے بلیو پتر، پنچ پلو و پیپل کے پتے رکھ کر وش اپچار سے پوجا کرنی چاہئے۔ اس کے بعد اشٹ منتر کا ابھیشک رودر ابھیشک سے کرنا چاہئے۔ اس سے منتر میں جان پیدا ہو جاتی ہے اور سدھی جلدی ملتی ہے۔

اسکیلن منتروں کی تعداد سات کروڑ سے زیادہ بتائی جاتی ہے۔ یہ بھگوان شیو نے عاملوں کے ناجائز استعمال کی وجہ سے کیل دیئے تھے اس لئے ان منتروں کی بندش کو ختم کرنا اسکیلن کہلاتا ہے۔ اس لئے استاد کے ذریعے مطلوبہ منتر کی بندش ختم کرنے کا طریقہ معلوم کر لینا چاہئے۔

دوران عمل کسی بھی طرح کی رکاوٹ پڑے یا کوئی گڑبڑ ہو جائے تو بالکل نہ گھبرائیں اور بے خوف نڈر ہو کر استاد کی ہدایات کے مطابق کرتے ہیں۔ بلکہ عامل کو چاہئے کہ کسی بھی منتر کی تسخیر سے پہلے حصار کر لے تاکہ حفاظت ہو۔

حرف آخر میں پچھلے صفحات میں تحریر کر چکا ہوں کہ کتاب ہذا میں جو سابر منتر دیئے گئے ہیں وہ سب چنے ہوئے سدھ منتر ہیں جن کو سدھ (تسخیر) کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ کچھ تسخیر کے منتر کو چھوڑ کر کئی دیگر منتروں کے لئے وقت کی بھی کوئی پابندی نہیں۔ آپ اپنی یا دیگر اشخاص کی ضروریات کے مطابق کسی بھی وقت استعمال کر سکتے ہیں۔ مگر آپ اس کا خود بھی خیال رکھیں کہ حب وغیرہ کے لئے سعد وقت اور بغض و عداوت و ہلاکی (مارن) کے لئے نحس وقت کا استعمال کریں۔ جس کی مختصر تفصیل سابقہ صفحات میں دی جا چکی ہے۔ (اگر آپ صحیح اور تفصیلی طور پر یہ جاننے کے خواہشمند ہیں کہ کس طرح کے عمل کو کس وقت انجام دیں کہ عمل تیر کی طرح نشانہ پر لگے تو اس کے لئے میری دوسری کتاب "طلسمات ہند" کا مطالعہ کریں جو آپ کو ہر عمل سے بے نیاز کر دے گی)

پچھلے صفحات میں جو کچھ عمل کرنے کے بارے میں قانون لکھے ہیں ان کے استعمال سے آپ کو ہر عمل کی تسخیر حاصل کرنے میں آسانی ہو گی۔ اب جو شخص اس قانون کی پابندی نہ کرے گا اسے تسخیر حاصل کرنے میں کافی دن تک محنت کرنی پڑ سکتی ہے۔ کسی منتر کو پابندی کے ساتھ ایک سو آٹھ مرتبہ لگاتار پڑھنے سے منتر کی طاقت سے جلدی مقاصد پورے ہو سکتے ہیں۔

باب اول

تسخیرات المعروف سدھیاں

ہر شخص اپنے دل میں کوئی نہ کوئی خواہش رکھتا ہے اور اس کی لاتعداد ضروریات ہوتی ہیں اس لئے وہ شخص اپنی ضروریات کے مطابق ضرور یہ خواہش رکھتا ہے کہ کوئی نہ کوئی غیبی طاقت اس کے قبضہ میں ہو یا اس شخص پر مہربان ہو جس کے اثر سے وہ شخص اپنی زندگی کو خوشگوار بنا سکے اور آرام و سکون کے ساتھ زندگی گزار سکے۔ معاشرہ میں اس کا اپنا ایک مقام ہو اور اس کے علاوہ زندگی کی اور بھی ضروریات ہو سکتی ہیں۔ ان ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے آگے کچھ عمل تسخیر (سدھی) کے بارے میں تحریر کئے جاتے ہیں۔ حسب قانون عمل میں لا کر فائدہ اٹھائیں۔

تسخیرات دیوی' دیوتا' پیر' ویر' جن' بھوت' پری وغیرہ۔

مٹھی پیر مندرجہ ذیل منتر کو جمعرات کی رات کو ببول کے پیڑ کے نیچے مغرب کی طرف منہ کر کے پاک و صاف غسل کر کے بیٹھیں اور اس منتر کو تمیں دن میں ایک لاکھ مرتبہ برابر تعداد میں پڑھیں تو دوران عمل یا عمل کے خاتمہ کے بعد "مٹھی پیر" حاضر ہوں گے۔ پیر صاحب کے حاضر ہونے پر ان سے اپنے مقصد کے مطابق قول و قرار کرا لیں۔

منتر مندرجہ ذیل ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ساہ چکر کی باوڑی۔
گلے موتیوں کا ہار۔ لنکا سو کوٹ سمندر سی کھائی۔
